سابقے لاحقے

سابقے اور لاحقے باقاعدہ الفاظ نہیں بلکہ حروف ہیں اور اِن حروف کی مدد سے نئے الفاظ بنالیے گئے ہیں۔ اُردو زبان میں ایسے بے شمار الفاظ ہیں جو سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے بنائے گئے ہیں لہٰذا اِن کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ سابقے اور لاحقے کے کوئی معانی نہیں ہوتے البتہ کسی لفظ کے ساتھ لگ کر یہ اُسے نئے اور منفرد معانی بخشتے ہیں۔

نمبر شمار	سابقے	الفاظ
۱	باز	باز پُرس، باز یافت، بازگشت، باز یاب
۲	ذو	ذومعنی، ذوالفقار، ذوالجلال، ذوالقرنین
۳	تہ	تہ دل، تہ خانہ، تہ خاک، تہ نشین
۴	نازک	نازک طبع، نازک خیال، نازک اندام، نازک بدن
۵	ہمہ	ہمہ صفت، ہمہ وقت، ہمہ تن، ہمہ گیر
۶	بن	بن بلائے، بن دیکھے، بن سنے، بن مانگے
۷	کوتاہ	کوتاہ دست، کوتاہ قد، کوتاہ بیں، کوتاہ نظر
۸	کج	کج ادا، کج خلقی، کج رفتار، کج فہم
۹	پری	پری زاد، پری پیکر، پری چہرہ، پری وش
۱۰	بلند	بلند ہمت، بلند قامت، بلند مرتبہ، بلند حوصلہ

نوٹ: ٹیکسٹ بک کی پڑھائی کے دوران بھی سابقوں کی نشاندہی کروائی جائے۔

The City School

لاحقے

نمبر شمار	لاحقے	الفاظ
۱	یافتہ	تعلیم یافتہ، ترقی یافتہ، انعام یافتہ، تربیت یافتہ
۲	یاب	فتح یاب، نایاب، کم یاب، بازیاب
۳	تراش	بت تراش، جیب تراش، سنگ تراش، قلم تراش
۴	خواہ	خیر خواہ، نیک خواہ، بدخواہ، قرض خواہ
۵	دار	ہوادار، مال دار، ایمان دار، کرایہ دار
۶	شدہ	حاصل شدہ، حل شدہ، ادا شدہ، گم شدہ
۷	طلب	آرام طلب، انصاف طلب، غور طلب، محنت طلب
۸	نشین	دل نشین، ذہن نشین، خاک نشین، گوشہ نشین
۹	رو	سرخرو، قبلہ رو، خوب رو، ماہ رو
۱۰	وار	اُمیدوار، قصوروار، مردانہ وار

The City School

محاورات

لغت کی رُو سے محاورہ آپس میں گفتگو اور بات چیت کرنے کو کہتے ہیں مگر اہلِ زبان کی اصطلاح میں محاورہ دو یا دو سے زیادہ ایسے الفاظ کے مجموعے کو کہتے ہیں جو ''لغوی معنوں'' کے بجائے ''مجازی معنوں'' میں استعمال ہو یعنی اِس کا مفہوم اپنے اصل مطلب سے مختلف ہوتا ہے۔

نمبر شمار	محاورات	معانی
۱	ہتھیار ڈال دینا	ہار مان لینا
۲	بال بال بچنا	بڑی مشکل سے بچنا
۳	بال کی کھال اُتارنا	بہت چھان بین کرنا
۴	بات سے پھرنا	وعدہ خلافی کرنا
۵	لکیر کا فقیر ہونا	پرانی رسموں کا پابند ہونا
۶	منہ کی کھانا	شکست کھانا / شرمندہ ہونا
۷	شیخی بگھارنا	ڈینگ مارنا / خودستائی کرنا / اِترانا
۸	سبز باغ دِکھانا	دھوکا دینا
۹	عیب نکالنا	نقص نکالنا
۱۰	کوڑیوں کے مول بکنا	بہت سستا بکنا

نوٹ۔ٹیکسٹ بک کی پڑھائی کے دوران محاورات کی نشاندہی کروائی جائے۔

The City School

ضرب الامثال

ضرب الامثال کے معنی ہیں ''کہاوت'' جبکہ اِسے انگریزی میں (Proverb) کہتے ہیں۔ضرب الامثال اگرچہ چند الفاظ پر مشتمل ہوتی ہے مگر اِس کا مطلب بہت وسیع اور مفصل ہوتا ہے۔ضرب الامثال انسان کے بہترین یا تلخ تجربات کا نچوڑ ہوتی ہے۔محاورات کی طرح ضرب الامثال کے الفاظ بھی اپنے حقیقی معنوں میں استعمال نہیں ہوتے اور نہ ہی اِن کے الفاظ تبدیل ہو سکتے ہیں۔

نمبر شمار	ضرب الامثال	مفاہیم
۱	تین میں نہ تیرہ میں	جس کی کوئی حیثیت نہ ہو
۲	قہرِ درویش برجانِ درویش	کمزور کا غصّہ اپنی ہی جان پر ہوتا ہے
۳	کھلائے سونے کا نوالہ، دیکھے شیر کی نظر	اولاد کو کھلائے تو حسبِ دلخواہ مگر ادب و تہذیب سکھانے کے لیے اپنا رعب ضرور قائم رکھے
۴	دُودھ کا جلا چھاچھ بھی پھونک پھونک کے پیتا ہے	ایک چیز سے ڈرا ہوا اِس کی ہم شکل چیز سے بھی ڈرتا ہے
۵	اُونٹ کے منہ میں زیرہ	کسی چیز کا ضرورت سے بہت کم ہونا
۶	آگ لگنے پر کنواں کھودنا	عین ضرورت کے وقت ہاتھ پاؤں مارنا بے سود ہے
۷	جب تک سانس تب تک آس	مرتے دم تک زندگی کی اُمید رہتی ہے
۸	دُودھ کی مکھی کس نے چکھی	خراب چیز کوئی استعمال نہیں کرتا
۹	صبح کا بھولا شام کو آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے	اگر آدمی غلطی کرنے کے بعد جلد سنور جائے تو اسے معاف کر دینا چاہیے
۱۰	اندھیر نگری چوپٹ راج	ایسی حکومت جہاں حاکم کی غفلت کے باعث اندھیر مچ رہا ہو، نیک و بد کی تمیز نہ ہو۔رعایا کے حال کی کوئی پرواہ نہ ہو

نوٹ۔ٹیکسٹ بک کی پڑھائی کے دوران ضرب الامثال کی نشاندہی کروائی جائے۔

The City School